# چوتھی شرط: وطن یا ایسی جگہ سے نہ گزرے جہاں دس دن قیام کا ارادہ ہو۔

## چوتھی شرط: وطن یا ایسی جگہ سے نہ گزرے جہاں دس دن قیام کا ارادہ ہو۔

مسئلہ۴۵۰۔ نماز قصر ہونے کی شرائط میں سے ایک یہ ہے کہ سفر کے آغاز میں یا سفر کے دوران راستے میں ( آٹھ فرسخ تک پہنچنے سے پہلے) کسی جگہ دس دن قیام یا اپنے وطن سے گزرنے کا ارادہ نہ کرے۔

مسئلہ۴۵۱۔ اگرکوئی شخص سفر کے آغاز یا درمیان میں آٹھ فرسخ تک پہنچنے سے پہلے کسی جگہ دس دن قیام یا اپنے وطن سے گزرنے کا ارادہ کرے تو سفر کے آغاز سے اس کی نماز پوری ہوگی۔ اسی طرح اگر وطن یا جس جگہ قیام کررہا ہے اسے چھوڑنے کے بعد باقی راستہ اگرچہ آنے اور جانے دونوں ملاکر آٹھ فرسخ نہ ہوتو نماز پوری ہوگی۔

مسئلہ۴۵۲۔ گذشتہ مسئلے میں اگر کوئی شخص راستے میں دس دن قیام یا وطن سے گزرنے کے بارے میں متزلزل ہوجائے تو شرعی مسافت کا قصد نہیں بنے گا اور اس کی نماز پوری ہوگی۔